# صنفِ مضمون کی بنیادی خصوصیات ایک جائزہ

مضمون ایک نثری صنف ہے جس کا دائرہ کار نہایت وسیع اور بلیغ ہے۔ ابتدائی دور میں تمام طرح کی مختصر تحریروں کو مثلاً مقالہ، خاکہ، انشائیہ، کالم وغیرہ کو مضمون سے ہی موسوم کیا جاتا تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ ادب میں تغیر و تبدیل ہوتے گئے اور مضمون نگاری نے اپنی الگ ایک شناخت بنائی جو دیگر تمام اصناف سے مختلف اور واضح ہے اور تبھی مضمون کو صنف کا درجہ بھی حاصل ہوا۔ بہر کیف مضمون کی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے۔ "مضمون نگاری وہ تحریر ہے جس میں کسی بھی موضوع پر مواد اور اپنے خیالات کو یکجا کرنا اور اسے ترتیب و تنظیم سے پیش کرنا جس سے لکھنے والے کا مقصد پورا ہو اور پڑھنے والا اسے آسانی سے ہی سمجھ لے مضمون نگاری کہلاتا ہے"۔ مختصر ہم یہ کہ سکتے ہیں کہ "مضمون نویسی وہ فن ہے جس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ معلومات مربوط خیالات کے ذریعے پیش کئے جاتے ہیں۔

مقالہ اور مضمون میں یہ واضح فرق ہے کہ مقالہ سچائی کی تلاش میں لکھے جاتے ہیں۔ لیکن مضمون حقیقی مواد کو یکجا کرنے کی غرض سے لکھے جاتے ہیں۔ مقالوں میں شواہد تجربے اور تاثرات کا مطالعہ کرکے اپنی رائے قائم کی جاتی ہے۔ لیکن مضمون میں صرف مواد یکجا کرنے اور